
# آسان حج کارڈ

**HAJJ AND UMRAH**
MOBILE APPLICATION

مجلس حج و عمرہ
دعوت اسلامی
DAWATEISLAMI

ANDROID

IOS




**SCAN QR CODE**

مزید معلومات کے لئے اپنے موبائل سے اس QR Code کو Scan کریں اور مطالعہ فرمائیں۔

**PRAYER TIMES**
Mobile Application

ANDROID

IOS




**SCAN QR CODE**

مزید معلومات کے لئے اپنے موبائل سے اس QR Code کو Scan کریں اور مطالعہ فرمائیں۔

مجلس حج و عمرہ دعوتِ اسلامی DAWATEISLAMI



## حج کی 3 اقسام:

حجِ قِران | حجِ تمتّع | حجِ اِفراد

## حج کے 5 دن:

8 ذوالحجہ | 9 ذوالحجہ | 10 ذوالحجہ | 11 ذوالحجہ | 12 ذوالحجہ

## حج کے 3 فرض:

احرام (بشرطِ نیت وتلبیہ) | وقوفِ عرفات | طوافِ زیارت

## حج کے چند مرکزی واجبات

مزدلفہ میں ٹھہرنا | صفا و مروہ کی سعی | رمی (جمرات کو کنکریاں مارنا) | قربانی (حج تمتع وقران والوں پر) | حلق یا قصر (سر منڈانا یا بال کٹوانا) | طوافِ وداع

نوٹ: مفتی علی اصغر صاحب نے مزید تفصیلات کے ساتھ حج کے 27 واجبات پر مکمل کتاب لکھی ہے جسکا مطالعہ مفید ہے۔

## مناسک حج کی ادائیگی کے چار مقامات

منیٰ | عرفات | مزدلفہ | مسجد الحرام

# حج کے 16 کام (حج تمتع)

## 01 حج کا احرام باندھنا (حج کیلئے شرط) | 8 ذوالحجہ

جو حرم مکہ میں موجود ہو اس کیلئے حدودِ حرم سے حج کا احرام باندھنا واجب ہے۔ افضل یہ ہے کہ مسجد الحرام سے باندھا جائے۔ (27 واجبات حج اور تفصیلی احکام، ص 50، 52) عام طور پر پاکستانی حاجیوں کے ہوٹل حدودِ حرم (عزیزیہ وغیرہ) میں ہوتے ہیں ایسے حاجی ہوٹل سے بھی حج کا احرام باندھ سکتے ہیں۔ احرام کے دو نفل مستحب ہیں۔ حج کی نیت اور کم از کم 1 دفعہ لَبَّیْكَ پڑھنا لازمی اور تین دفعہ پڑھنا سنت ہے۔ (رفیق الحرمین، ص 74)

## 02 منیٰ کا پہلا قیام (سنتِ مؤکدہ) | 8 ذوالحجہ

عموماً حاجیوں کو 7 اور 8 ذوالحجہ کی درمیانی رات کو ہی منیٰ شریف لے جاتے ہیں۔ بہر حال منیٰ شریف میں 5 نمازیں 8 ذوالحجہ کی ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور 9 ذوالحجہ کی فجر ادا کرنا سنتِ عظیمہ ہے۔ (رفیق الحرمین، ص 151، 153)

## 03 وُقوفِ عرفات (وقوفِ عرفات حج کا رکنِ اعظم اور بنیادی فرض ہے) | 9 ذوالحجہ

فجر منیٰ شریف میں ادا کر کے عرفات روانہ ہو جائیں۔ ظہر سے مغرب تک وقوفِ عرفات کا واجب وقت ہے۔ غروبِ آفتاب سے پہلے عرفات کو نہیں چھوڑ سکیں ورنہ دم لگے گا۔ آج حاجی کو نمازِ مغرب یہاں نہیں بلکہ عشاء کے وقت میں مزدلفہ میں مغرب و عشاء ملا کر پڑھنی ہے۔ (شرح لباب المناسک، ص 268، 259، ردالمحتار، 3/ 539، نہر الفائق، 2/ 86، ملتقطاً، تنویر الانصار ورد المحتار، 3/ 600)

مجلس حج و عمرہ دعوت اسلامی DAWATEISLAMI



# حج کے 16 کام (حج تمتع)

## 04 مغرب و عشاء مزدلفہ میں عشاء کے وقت ادا کرنا (واجب)

10-9 ذوالحجہ کی درمیانی رات

مزدلفہ میں عشاء کے وقت میں ایک ہی اذان اور ایک ہی اقامت کے بعد پہلے مغرب کے فرض پھر عشاء کے فرض، پھر مغرب کی سنتیں اور آخر میں عشاء کی سنتیں اور وتر ادا کریں۔ (شرح لباب المناسک،ص307،منحۃ الخالق،2/596،597،غررالاحکام،ص227،الجزء الاول)

## 05 مزدلفہ میں رات گزارنا (سنتِ مؤکدہ)

10-9 ذوالحجہ کی درمیانی رات

یہ رات بعض اکابر علماء کے نزدیک لیلۃ القدر سے بھی افضل ہے۔ رات ہی میں شیطانوں کو مارنے کیلئے 49 کنکریاں اکٹھی کریں۔ (رفیق الحرمین،ص183) اگر 13 ویں کی بھی رمی کرنی ہو تو 70 لے لیں۔ رات کھلے آسمان تلے مزدلفہ میں گزاریں

## 06 وقوفِ مزدلفہ (واجب)

10 ذوالحجہ

فجر کا وقت شروع ہونے سے سورج نکلنے تک کم از کم ایک لمحہ مزدلفہ میں وقوف کرنا واجب ہے۔ نمازِ فجر مزدلفہ میں پڑھ لی تو وقوفِ مزدلفہ ادا ہوگیا۔ جب طلوعِ آفتاب میں دو رکعت پڑھنے کا وقت باقی رہ جائے تو جمرات کی طرف روانہ ہو جائیں۔

(بہارِ شریعت،1/1135،رفیق الحرمین،ص84،85)

**کنکریوں کا فارمولا:**

10 ذوالحجہ: 7 کنکریاں بڑے شیطان کو۔
11 ذوالحجہ: 21=7+7+7 تینوں شیطانوں کو
12 ذوالحجہ: 21=7+7+7 تینوں شیطانوں کو
13 ذوالحجہ: 21=7+7+7 تینوں شیطانوں کو

ٹوٹل: **70**

(27 واجباتِ حج اور تفصیلی احکام،ص97،98)

## 07 صرف بڑے جمرے کی رمی (واجب)

آج کے دن صرف بڑے شیطان کو کنکریاں مارنا ہے۔

10 ذوالحجہ

* صبح صادق سے طلوعِ آفتاب تک مکروہ ہے۔ * طلوعِ آفتاب سے ابتدائے وقتِ ظہر تک سنت ہے۔ *ظہر سے غروبِ آفتاب تک جائز ہے۔ *غروبِ آفتاب سے اگلی صبح صادق تک مکروہ ہے۔

(ردالمحتار،3/606،ملتقطاً،27 واجباتِ حج اور تفصیلی احکام،ص98)

مجلس حج و عمرہ
دعوت اسلامی
DAWATEISLAMI



# حج کے 16 کام (حج تمتع)

## 08 قربانی (واجب) | 10 ذوالحجہ

حجِ تمتع اور حجِ قران والے کیلئے قربانی واجب اور حجِ افراد والے کیلئے مستحب ہے۔ (بہارِ شریعت، 1/1140)

## 09 حلق یا تقصیر (واجبِ حج اور احرام کھولنے کے لیے شرط) | 10 ذوالحجہ

پہلے دن کی رمی، قربانی، حلق یا تقصیر میں ترتیب رکھنا واجب ہے۔ (ترتیب: رمی، قربانی، حلق / تقصیر)۔ (ردالمحتار، 3/669) نہ رکھی تو دم دینا لازم ہوگا۔ (لباب المناسک، ص507) حلق یا تقصیر سے احرام کی ساری پابندیاں ختم ہوجاتی ہیں۔ (27 واجباتِ حج اور تفصیلی احکام، ص120) سوائے میاں بیوی کے تعلقات والی جو طوافِ زیارت کرنے کے بعد ختم ہوگی۔ (شرح لباب المناسک، ص324)

## 10 طوافِ زیارت | 10 ذوالحجہ

10 ذوالحجہ کی صبح صادق سے 12 ذوالحجہ کے غروبِ آفتاب تک طوافِ زیارت کا وقت ہے۔ پہلے دن یعنی 10 ذوالحجہ کو کرنا افضل ہے۔ (لباب المناسک، ص328، شرح لباب المناسک، ص327) (مشورہ: طوافِ زیارت سخت دھوپ میں نہ کریں ٹھنڈے وقت میں کریں۔)

## 11 حج کی سعی (واجب) | 10 ذوالحجہ

حج کی سعی واجباتِ حج میں سے ہے۔ (شرح لباب المناسک، ص252)

## 12 منیٰ کا دوسرا قیام (سنتِ مؤکدہ) | 11-12 ذوالحجہ

11 ویں اور 12 ویں ذوالحجہ کی راتوں کا اکثر حصہ منیٰ شریف میں گزارنا سنت ہے۔ (بہارِ شریعت، 1/1051، رفیق الحرمین، ص203)

مجلس حج و عمرہ دعوت اسلامی DAWATEISLAMI

# حج کے 16 کام (حج تمتع)

## 13 دوسرے دن تینوں جمرات کی رمی (واجب) | 11 ذوالحجہ

11 ذوالحجہ کو تینوں شیطانوں کو 7+7+7 کنکریاں مارنا واجب ہے۔ (شرح لباب المناسک، ص333، 341)

## 14 تیسرے دن تینوں جمرات کی رمی (واجب) | 12 ذوالحجہ

12 ذوالحجہ کو تینوں شیطانوں کو 7+7+7 کنکریاں مارنا واجب ہے۔ (شرح لباب المناسک، ص333، 341) 11-12 ذوالحجہ کی رمی کا وقت: ابتدائے وقتِ ظہر سے غروبِ آفتاب تک سنت ہے۔ غروب سے اگلے دن صبح صادق تک ساری رات مکروہ ہے۔ اگر کسی وجہ سے غروبِ آفتاب کے بعد رمی کی تو رمی کا واجب ادا ہو جائے گا۔ (لباب المناسک، ص339) اہم تاکید: 11 ذوالحجہ اور 12 ذوالحجہ کی رمی ابتدائے وقتِ ظہر سے پہلے کی تو رمی ادا ہی نہ ہوگی۔ دوبارہ ظہر کے بعد ادا نہ کرنے کی صورت میں دم دینا واجب ہوگا۔ (بہارِ شریعت، 1/1178، ملخصاً)

## 15 چوتھے دن تینوں جمرات کی رمی (مستحب، مؤکدہ، واجب) | 13 ذوالحجہ

12 ذوالحجہ کی رمی کر کے غروبِ آفتاب سے پہلے پہلے اختیار ہے کہ مکہ معظّمہ کو روانہ ہو جائیں مگر بعد غروب چلے جانا معیوب ہے۔ اب بہتر یہی ہے کہ ایک دن اور ٹھہریں اور 13 کو ظہر کے بعد رمی کر کے جائیں۔ اگر 13 ذوالحجہ کی صبح صادق منیٰ میں ہو گئی تو اب 13 کی رمی کرنا واجب ہوگا نہ کی تو دم دینا ہوگا۔ (شرح لباب المناسک، 343، ملتقطاً، لباب المناسک، ص344)

**13 ذوالحجہ کی رمی کا وقت:** طلوعِ آفتاب سے ابتدائے وقتِ ظہر تک مکروہ ہے۔ ابتدائے وقتِ ظہر سے غروبِ آفتاب تک سنت ہے۔

## 16 طوافِ وداع (واجب) | طوافِ زیارت کے بعد

طوافِ زیارت کے بعد جو بھی پہلا نفلی طواف کیا وہی طوافِ وداع ہے۔

مستحب ہے کہ مکہ مکرمہ سے رخصت کے وقت بھی ایک طواف کر لیں۔ (شرح لباب المناسک، ص355، 356 ملتقطاً)

مجلس حج و عمرہ دعوتِ اسلامی DAWATEISLAMI

# حج 2026ء کے موقع پر مناسکِ حج اور نماز کے اوقات

(Makkah, Saudia Arabia)



## Prayer Times Mobile App: May 2026

| عشاء (حنفی) | مغرب | عصر (حنفی) | ظہر | ضحوۂ کبریٰ | طلوع آفتاب | فجر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 08:19 PM | 06:58 PM | 04:54 PM | 12:18 PM | 11:37 AM | 05:37 AM | 04:16 AM | 24 |
| 08:20 PM | 06:58 PM | 04:54 PM | 12:18 PM | 11:37 AM | 05:37 AM | 04:16 AM | 25 |
| 08:20 PM | 06:59 PM | 04:54 PM | 12:18 PM | 11:37 AM | 05:37 AM | 04:15 AM | 26 |
| 08:21 PM | 06:59 PM | 04:55 PM | 12:18 PM | 11:37 AM | 05:37 AM | 04:15 AM | 27 |
| 08:22 PM | 07:00 PM | 04:55 PM | 12:18 PM | 11:37 AM | 05:36 AM | 04:15 AM | 28 |
| 08:22 PM | 07:00 PM | 04:55 PM | 12:19 PM | 11:37 AM | 05:36 AM | 04:14 AM | 29 |
| 08:23 PM | 07:01 PM | 04:56 PM | 12:19 PM | 11:37 AM | 05:36 AM | 04:14 AM | 30 |

**(9ذوالحجہ):** 9 ذوالحجہ میدانِ عرفات سے **غروبِ آفتاب** سے پہلے نہیں نکل سکتے۔
(شرح لباب المناسک،ص297 ملتقطاً)

**9 اور 10 ذوالحجہ کی درمیانی رات:** مغرب وعشاء کی نمازیں **اس وقت** کے بعد مزدلفہ میں ملا کر ادا کرنی ہیں۔
(شرح لباب المناسک،ص307)

**10 ذوالحجہ:** 10 ذوالحجہ کو مزدلفہ میں فجر کی نماز **اس وقت** کے بعد ادا کرنی ہے اور وقوفِ مزدلفہ بھی اسی وقت کے بعد کرنا ہے۔
(شرح لباب المناسک،ص310)

**11 اور 12 ذوالحجہ:** 11 اور 12 ذوالحجہ کی رمی **اس وقت** سے پہلے ہرگز نہیں کرسکتے۔ ظہر سے پہلے رمی کی تو ادا نہ ہوگی۔ دوبارہ کرنا پڑے گی ورنہ دم لازم آئے گا۔
(بہارِ شریعت،1/1148)

**12 اور 13 ذوالحجہ:** اگر 13 ذوالحجہ کی رمی کا ارادہ نہ ہو تو 12 ذوالحجہ کو **غروبِ آفتاب** سے پہلے پہلے منیٰ کو چھوڑ دیں۔ اگر 13 ذوالحجہ کی **صبح صادق** کا وقت منیٰ میں گزارا تو اب رمی کرنا واجب ہوگئی۔
(شرح لباب المناسک،ص343، 344 ملتقطاً)

# ایّامِ مدینہ طیبہ کی حاضری






ادب وشوق میں ڈوبے، گردن جھکائے، آنکھیں نیچی کیے، رونے والی صورت بنائے بلکہ ہوسکے تو روتے رلاتے، آنسو بہاتے، پچھتاتے، تھرتھراتے، کپکپاتے، گناہوں کی ندامت سے پسینہ پسینہ ہوتے، سرکارِ نامدار صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے فضل وکرم کی اُمید رکھتے، آپ صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے قدمینِ شریفین کی طرف سے سنہری جالیوں کے روبرو (یعنی چہرۂ مبارک کے سامنے) حاضر ہوں کہ نبی پاک صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم اپنے مزارِ پُرانوار میں قبلہ رو آرام فرما ہیں۔ مبارک قدموں کی طرف سے حاضر ہوں گے تو سرکارِ دو جہاں صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی مبارک نگاہ براہِ راست آپ کی طرف ہوگی۔ اور یہ بات آپ کے لیے دونوں جہانوں میں کافی ہے۔

(اب حاضری بابُ السلام دروازے سے ہوتی ہے۔)

اب ادب و شوق کے ساتھ درمیانی آواز میں سلام عرض کریں۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللهِ | اَسْئَلُكَ الشَّفَاعَةَ یَا رَسُوْلَ الله

پھر اپنے سیدھے ہاتھ کی طرف پہلے خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں سلام عرض کریں

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خَلِیْفَةَ رَسُوْلِ اللهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَمِیرَ الْمُؤمِنِین اَبُوبَكْر صِدِّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اور پھر خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں سلام عرض کریں

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خَلِیْفَةَ رَسُوْلِ اللهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَمِیرَ الْمُؤْمِنِین عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اب جنت البقیع کے مزارات پر باہر سے حاضری دیں، سلام و فاتحہ کا سلسلہ کریں، پھر سید الشہداء امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اور شہدائے احد کے مزارات پر حاضری دیں فاتحہ ودعا کا سلسلہ کریں، اور مسجدِ قباء، بدر اور دیگر زیارات پر حاضری کا سلسلہ کریں۔"

مجلس
حج و عمرہ
دعوتِ اسلامی
DAWATEISLAMI

زائرین حرمین طیبین کے لئے **خوشخبری**

اب آپ کے لئے

# حج و عمرہ تربیت

حاصل کرنا ہوا بہت آسان!

**مجلسِ حج و عمرہ** کے **آفیشل WHATSAPP CHANNEL** کو
Follow کرنے کے لئے QR Code اسکین کریں

Follow for Info:

یہاں آپ سیکھ سکیں گے۔

- **احرام کی پابندیاں/ حج و عمرہ کے فرائض/ واجبات/احتیاطیں/** دم وصدقے کے مسائل اور اہم انتظامی امور
- **مکہ شریف** اور **مدینہ شریف** میں حاضری کا طریقہ اور آداب
- **حج و عمرہ** کا مکمل طریقہ
- **مقدس مقامات** کی زیارات اور حاضری کے آداب

APPROVED

**دارالافتاءاہلسنّت اور المدینۃ العلمیہ سے منظور شدہ**

پاکستان میں کہیں بھی **حج و عمرہ تربیت** کے لئے
ابھی **مجلس حج و عمرہ** پاکستان کے اس آفیشل نمبر پر رابطہ کیجئے:

صبح 10:00am سے رات 11:00pm تک

03700032626

03705065072

**مجلس حج و عمرہ** (دعوت اسلامی)